© rasailojaraid.com



ہر تصنیف اہل ذوق کے لئے سرمایہ افتخار رہوتا ہے،ان کی سحر انگیز قلم سے ۱۹۸۵ء سے تاہنوز مسلسل اسفارِ حج وعمرہ کے ایمان افروز سفرنامے ، دلچسپ مناظر ،حیرت انگیز مشاہدات اورتاریخی افادات زیرتبصرہ کتاب ''کعبہ میرے آگے'' میں شامل ہے ،جس میں انہوں نے اپنے پاکیزہ جذبات،عشق نبوی کے کیفیات ، شستہ اسلوب میں پیش کیا،جنہیں پڑھ کردل و دماغ انبساط وسرور سے معمور ہوجاتے ہیں،مولانا جان محمد جان نے اس اہم کتاب کوترتیب دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ، قارئین کیلئے سوغات سے کم نہیں۔

- **علمی اورمطالعاتی زندگی** تالیف :مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت :386 صفحات

شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی (مدیرالحق ) کےسوال نامے کے جواب میں ، نابغہ روزگار ،عبقری علماء، دانشوروں ، اورعمائدین کے جوابات کوشیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ العالی (مدیرالقاسم ) نے اعلیٰ سلیقے سے ترتیب دیکر ایک حسین گلدستہ کومنظر عام پر لایا اب تک اس کے کئی ایڈیشن منظر عام پرآ کر اہل علم سے دادتحسین وصول پاچکے ہیں،یہ اس کا چھٹا ایڈیشن ہے ،یہ کتاب اہل علم کیلئے یہ قیمتی سوغات اور مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے ،امید ہے کہ اگلا ایڈیشن بہترین کمپوزنگ اور اعلیٰ ترتیب کے ساتھ نمودار ہوگا ان شاء اللہ۔

- **ارباب علم وکمال اور پیشہ رزق حلال** تالیف:مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت :205 صفحات

علامہ عبدالکریم سمعانی کی کتاب الانساب کے نادر موضوعات کا خلاصہ اورنچوڑ عصر حاضر کے اسلوب تحریر کے عین مطابق پیش کیا،اردودان طبقہ کیلئے ایک لازوال تحفہ ہے،اپنے موضوع کے اعتبار سے منفرد کتاب اورشاہکار تصنیف ہے، جسے شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ نے دلکش انداز شستہ اسلوب تحریر میں پیش فرمایا ہے۔اس بہترین کتاب کے کئی ایڈیشن منظر عام پرآ چکی ہے،زیرتبصرہ کتاب اس کے چھٹے ایڈیشن کانمونہ ہے،امید ہے کہ آئندہ یہ کتاب بہترین کمپوزنگ ،اعلی ترتیب کے ساتھ منظرعام پر آئیگا۔

- **ماثر ومکاتیب مولانا عبدالمعبود:** تالیف :حافظ محمد طیب حقانی ضخامت :360 صفحات

بزرگ عالم دین ومؤرخ مولانا عبدالمعبود صاحب کے علمی ، تاریخی ،تحقیقی ،وادبی ،نقدوجرح کے نادر مباحث وموضوعات پر ایک قیمتی تحفہ جسے ترتیب دینے کی سعادت مولانا عبدالقیوم حقانی کے فرزند ارجمند مولانا طیب حقانی نے حاصل کی ہے ،اہل علم کیلئے مطالعہ کی چیز ہے۔(مبصر:محمد اسلام حقانی)

& & &

- **''سوانح قطب عالم حضرت اقدس شاہ عبدالرحیم رائپوری''**

مؤلف: مولانا مفتی عبدالخالق آزاد ناشر : ادارہ رحیمیہ مطبوعات لاہور

خانقاہ رائے پور برصغیر پاک وہند کی مذہبی ، اصلاحی اور سیاسی خدمات کی وجہ سے ہمیشہ اہل علم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وصلحاء کا مرکز رہا۔اس خانقاہ کے بانی مبانی شخصیت حضرت اقدس مولانا شاہ عبدالرحیم رائے پوری رحمہ اللہ تھے جو کہ دارالعلوم دیوبند، مظاہر العلوم سہارنپوراورتحریک ریشمی رومال کے سرپرست اعلیٰ تھے،جبکہ حضرت میاں عبدالرحیم سہارنپوریؒ ، سیدالطائفہ حضرت مولانا امداداللہ مہاجرمکیؒ ، اورحضرت مولانا رشیداحمد گنگوہی سمیت تینوں بزرگوں سے مجاز بیعت تھے۔

واحد اس خانقاہ کو برصغیر میں انفرادیت حاصل تھی،کہ جس میں سالکین کی روحانی اوراخلاقی تربیت کے ساتھ ساتھ سیاسی اورفکری تربیت کا بھی خوب اہتمام تھا،اگرایک طرف ذکر الٰہی کی صدائیں گونجتی تھی ،تودوسری طرف بیرونی دشمن کی یلغار پر منظّم منصوبہ بندی کی حکمت عملی بھی تشکیل پاتی تھی، خانقاہ میں امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کا سیاسی وانقلابی ہفت روزہ اخبار الہلال پڑھاجاتا تھا۔

زیرتبصرہ کتاب ’’سوانح قطب العالم‘‘حضرت اقدس شاہ عبدالرحیم رائپوری قدس سرہ کی مکمل ، مفصل اورجامع حالات زندگی پر مشتمل ہے، کتاب دس ابواب پر مشتمل ہے، پہلا باب علوم شریعت کے بحرذخار، تیسراباب تزکیۂ نفوس میں رشد وہدایت کے تاجدار، چوتھاباب قومی آزادی کی جدوجہد میں سیاسی کردار، چھٹا اورساتواں باب مکتوبات ، خطبات ومقالات، اٹھواں باب خلفاء وجانشین اورمسند نشین ثانی حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری کے حالات ، پھراس کے بعد رائپوری ثالث رحمہ اللہ ،اوررابع رحمہ اللہ کے احوال ،نواں باب منظوم خراج عقیدت اورتاریخ ہائے وفات ، باب دہم شجرات سلسلۂ عالیہ رحیمیہ رائے پور پر مشتمل ہے، جبکہ آخر میں اشاریہ مقابر ومزارات اولیاء کرام کیساتھ تعارف شخصیات کاایک دلچسپ اورمعلوماتی ضمیمہ ہے ۔یہ کتاب حضرت مولانا محمد طلحہ کاندھلوی مدظلہ سرپرست اعلیٰ مظاہر العلوم سہارنپوراورحضرت مولانا مفتی افتخارحسین کاندھلوی سمیت دیگراہم شخصیات کے تقاریظ سے مزین ہے۔

عصر حاضر کے مادہ پرست تہذیب میں رائے پورجیسی خانقاہوں کی بہت ضرورت ہے ، جو سالکین کی روحانی اوراخلاقی تربیت کیساتھ ساتھ فکری اورسیاسی تربیت بھی کرسکیں۔زیرنظر کتاب اس قابل ہے کہ تمام خانقاہوں میں اس کو پڑھا اورسمجھا جائے اس ضخیم اورمفصل کتاب پر اسکے مصنف حضرت مولانا عبدالخالق آزاد قابل صدتحسین وتبریک ہیں۔اعلیٰ طباعت،خوشنما کتاب اورخوبصورت جلد میں مجلد یہ کتاب رحیمیہ کے مطبوعات A /33 کوپیئنز روڈ لاہور 042-36307714 سے بارعایت دستیاب ہے (مبصر:ابن مدنی)

## ● مذاہب اربعہ میں توہین رسالت اورتوہین صحابہؓ کا تحقیق جائزہ

ترجمہ وتدوین: مولانامفتی ثناء اللہ ملنے کا پتہ: مرکز البحوث الاسلامیہ مردان

توہین رسالت کا مسئلہ انتہائی حساس اورنازک ہے، پاکستان میں اس پر مسلسل تبصرے اورتجزیے

© rasailojaraid.com